# 101650- غیر مستحق الاؤنس یا انعام لینے کے لیے حیلہ سازی کرنا

## سوال

ہمارے ملک میں یونیورسٹی سے فارغ ہونے والے جب خاص فوج کام کرتے ہیں تو حکومت انہیں ماہانہ الاؤنس جاری کرتی ہے، توان میں سے بعض افراد کسی کمپنی کے ساتھ معاہدہ کر لیتے ہیں تاکہ وہ یہ الاؤنس لے سکیں، اور پھر وہ اس کمپنی میں کام نہیں کرتے، بلکہ وہ کوئی اور کام تلاش کرتے ہیں، چنانچہ اس مال کا حکم کیا ہے ؟

## پسندیدہ جواب

جب حکومت یہ تنخواہ اور الاؤنس اس کے لیے مخصوص کرتی ہے جو خصوصی فوج میں کام کرینگے، کیونکہ عام مصلحت بھی اسی کا تقاضا کرتی ہے، تو اس الاؤنس کو بلاوجہ ایسے طریقہ سے حاصل کرنا جائز نہیں جس کی اجازت نہیں ہے، اس پر مستزاد یہ کہ اس اسلوب میں جھوٹ اور جعل سازی ہے، اور یہ حرام ہے، مزید فائدہ اور تفصیل معلوم کرنے کے لیے آپ سوال نمبر (93579) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم.